احمدی کاروباری افراد کے لئے نیوز لیٹر 22.03.2020

پیارے احمدی بھائیو،

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

موجودہ معاشی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے شعبہ صنعت و تجارت نے مجلس خدام الاحمدیہ جرمنی کے ساتھ مل کر پورے جرمنی میں احمدی تاجروں اور کاروباری افراد کی انفرادی رہنمائی کے لئے ایکسپرٹس کی ایک ٹیم بنائی ہے۔

صوبائی حکومتوں اور وفاقی حکومت نے جرمن معیشت کے لئے مختلف امدادی پروگراموں کا اعلان کیا ہے۔ یہ ٹیم مشکل میں گھرے احمدی احباب کی انفرادی رہنمائی کے ذریعے ان پروگراموں کو سمجھنے اور ان سے مستفید ہونے میں مدد کرے گی۔

متعلقہ افراد ٹیلیفون ہاٹ لائن یا ای میل کے ذریعے انفرادی مشورے کے لئے وقت طے کر سکتے ہیں۔

کاروباری احباب کے لئے عمومی معلومات:

1. وقتی طور پر کیش کی کمی کو پورا کرنے کے لئے حکومت کی طرف سے قرضہ (Liquiditätsbeihilfe)
   - اس قرضہ کے لئے آپ اپنے ہاؤس بنک کے ذریعے درخواست دے سکتے ہیں
   - اس سلسلے میں مزید معلومات آپ KFW کی ویب سائٹ پر حاصل کر سکتے ہیں: Link
2. فنانس امٹ: تمام کمپنیاں بشمول چھوٹی اور سولو کمپنیاں جو کرونا وائرس سے متاثر ہو رہی ہیں ان کو کیش کی کمی پوری کرنے کے لئے سال 2020 کے اختتام تک ٹیکس جمع کروانے کے سلسلے میں فنانس امٹ نے مندرجہ ذیل سہولتیں مہیا کی ہیں:
   - ٹیکس کی مد میں جمع کروائی جانے والی رقم کو فناس امٹ کی اجازت سے وقتی طور پر ملتوی کیا جاسکتا ہے
   - ٹیکس کی مد میں ایڈوانس میں جمع کروائی جانے والی رقم کو کم کیا جاسکتا ہے یا وقتی طور پر ملتوی کیا جاسکتا ہے
   - Vollstreckungsmaßnahmen 31 دسمبر 2020 تک روک دیے گئے ہیں
   - ٹیکس کی مد میں جمع کروائی جانے والی رقم کو ملتوی کرنے کے لئے درخواست فارم لف ہذا ہے
   - اس سلسلے میں مزید معلومات آپ کو وفاقی وزارت خزانہ کی ویب سائٹ سے مل سکتی ہیں: Link

3. اگر آپ کی کمپنی میں دس فیصد ملازمین کا کام کرونا وائرس کی وجہ سے کم ہوا ہے تو آپ Kurzarbeitergeld کے لئے درخواست دے سکتے ہیں۔ Kurzarbeitergeld منظور ہونے کے بعد آپ کے ملازمین کی تنخواہ اور سوشل سیکورٹی (Sozialabgaben) کی رقم Bundesagentur für Arbeit دے گا۔ اس میں Leiharbeitnehmer بھی شامل ہیں۔ درخواست دینے کے لئے فارم اس لنک سے حاصل کریں: Link

4. اکثر چھوٹی اور سولو کمپنیوں کی آجکل آمدن بالکل ختم ہو گئی ہے۔ وفاقی وزیر برائے لیبر مسٹر ہائل نے Hartz IV کی درخواست دینے کے لئے اس وقت رہائش اور اثاثہ جات کی چیکنگ روک دی ہے تا کہ وہ کاروباری حضرات جو کرونا وائرس سے متاثر ہوئے ہیں بغیر لمبے انتظار اور تحقیق کے Hartz IV کے لئے درخواست دے سکیں۔ اس وقت Hartz IV کی درخواستوں پر تیزی سے کام ہو رہا ہے تا کہ سب کے لئے بنیادی آمدن مہیا ہو سکے اور وہ اپنی بنیادی ضروریات پوری کر سکیں۔ مزید معلومات اس لنک پر حاصل کر سکتے ہیں: Link

ٹیکسی اور رینٹ اے کمپنیوں کے لئے معلومات:

وفاقی یونین برائے ٹیکسی اور رینٹ اے کار وفاقی وزارت برائے لیبر اور سوشل کے ساتھ مسلسل رابطہ میں ہے اور وفاقی وزارت سے اپنے تین نکاتی پلان (مزید معلومات پہلے خط میں بھجوائی جا چکی ہیں) کو منظور کرنے کی پر زور اپیل کی ہے۔ وفاقی حکومت نے ابھی تک اس تین نکاتی پلان کی منظوری نہیں دی ہے۔

وفاقی حکومت نے کرونا وائرس سے متاثرہ شعبہ جات کے لئے فوری امداد کا اعلان کیا ہے لیکن اس کے باوجود کچھ پروگراموں کی منظوری میں اور ٹھوس معلومات کے مہیا ہونے میں ابھی وقت لگ رہا ہے۔ ہم اپنے نیوز لیٹر کے ذریعے آپ کو اس سلسلے میں پیش رفت سے آگاہ کرتے رہیں گے۔

تمام کاروباری حضرات کے لئے اوپر بیان کی گئی معلومات کے ساتھ ساتھ ٹیکسی اور رینٹ اے کار کا کاروبار کرنے والے حضرات مندرجہ ذیل اقدامات سے بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں:

1. گاڑی کی قسطوں کی ادائیگی کو وقتی طور پر ملتوی کرنا

آپ نے جس بنک سے گاڑی قسطوں پر لی ہے اس کو درخواست لکھیں تا کہ آپ کو اس ماہ گاڑی کی قسط ادا نہ کرنی پڑے۔ ہمیں ملنے والی معلومات کے مطابق کچھ بنکوں نے ایسی درخواستوں کی منظوری دینا شروع کر دی ہے۔ اس نیوز لیٹر کے ساتھ آپ کو بنک کو بھجوانے کے لئے درخواست بھجوائی جا رہی ہے۔

2. میڈیکل انشورنس کی مد میں دی جانے والی رقم کی ملتوی

میڈیکل انشورنس کی مد میں دی جانے والی رقم کو وقتی طور پر ملتوی کرنے کے لئے آپ اپنی میڈیکل انشورنس کمپنی کو درخواست بھجوائیں۔ ہمیں ملنے والی معلومات کے مطابق میڈیکل انشورنس کمپنیاں اس سلسلے میں درخواستیں منظور کر رہی ہے۔ اس کے لئے درخواست فارم اس نیوز لیٹر کے ساتھ بھجوایا جا رہا ہے۔

3. Funkgebühren

کافی Taxiverbände نے ماہ اپریل کے لئے Funkgebühren نہ لینے کا اعلان کیا ہے۔ اس سلسلے میں فرینکفرٹ کے Taxiverband نے اپنے ممبران کو بذریعہ خط مطلع بھی کر دیا ہے۔ آپ بھی اپنے Taxiverband سے اس سلسلے میں رابطہ کریں اور پوچھیں کیا آپ کو بھی ایسی رعایت مل سکتی ہے۔

اللہ تعالیٰ ہمیں اور پوری دنیا کو اس وبائی مرض کی تباہی سے بچائے۔ آمین

والسلام

خاکسار

سیکرٹری صنعت و تجارت

Weitere Information: http://corona.ahmadiyya.de
Hotline: 069/509 837 01
E-Mail: sanat.tijarat@ahmadiyya.de (Anmeldung für den Newsletter)